Adeel/Mazhar

09-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

---

1 مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2 وزیراعظم نے کہاہے کہ رتن ٹاٹا نے لوگوں کے خوابوں کو پورا کرنے میں ہمیشہ مدد دی ہے اور وہ اُن لوگوں کی زندگیوں میں زندہ ہیں جنہیں انہوں نے فائدہ پہنچایا۔

3 مرکزی وزیرنتن گڈکری نے کہاہے کہ حادثات کو کم کرنے کیلئے سڑکوں کی تعمیر کرتے ہوئے حفاظت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جائے۔

4 مشرق-وسطی ریلوے، چھٹھ پوجا تقریبات کے بعد مسافروں کی واپسی کیلئے اگلے پندرہ دن کے دوران 446 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

5 FBI نے امریکہ کے منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قتل کرنے کی، ایران کی ایک سازش کو ناکام بنادیاہے۔اِس کا الزام 3 افراد پر ہے۔

6 اور کرکٹ میں

ڈربن میں چار میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی بین الاقوامی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

## Campaigning MAHA and Jharkhand

مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے مہم زور و شور سے جاری ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سینئر رہنما دونوں ریاستوں میں اپنے امیدواروں کے لئے حمایت حاصل کرنے کی خاطر مختلف ریلیاں اور روڈ شوز کررہے ہیں۔

وزیر اعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں اکولہ اور ناندیڑ میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔ توقع ہے کہ وزیر اعلیٰ اور شیو سینا رہنما ایکناتھ شندے، نائب وزیر اعلیٰ اور بی جے پی کے رہنما دویندر فڑنویس اور دیگر لیڈر وزیر اعظم کی ریلیوں میں موجود رہیں گے۔

این سی پی صدر اجیت پوار پونے Sangli اور Satara میں چناؤ مہم انجام دیں گے ۔

دوسری جانب کانگریس کے قومی صدر ملکا ارجن کھڑے، ناگپور میں این سی پی، ایس پی (شرد پوار) Beed میں چناؤ مہم انجام دیں گے۔ دیگر اپوزیشن رہنما بھی ریاست کے مختلف اضلاع میں عوامی میٹنگیں کریں گے۔

مہاراشٹر میں 288 حلقوں کیلئے پولنگ اِس مہینے کی 20 تاریخ کو ہوگی۔

جھارکھنڈ میں 81 رکنی ریاستی اسمبلی کے انتخابات اِس مہینے کی 13 اور 20 تاریخ کو دو مرحلوں میں منعقد ہوں گے۔ پہلے

مرحلے کی پولنگ کے نزدیک آتے ہی سیاسی پارٹیوں نے ووٹروں تک پہنچنا تیز کردیا ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ اور بی جے پی رہنما امت شاہ آج جھارکھنڈ کے جمشید پور میں چھترپور، ہزاری باغ اور Potka اسمبلی حلقوں میں عوامی میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔

جناب شاہ جمشیدپور ویسٹ اسمبلی حلقے میں ایک روڈ شو بھی کریں گے۔

دوسری جانب کانگریس رہنما راہل گاندھی دھنباد ضلع میں Baghmara اسمبلی حلقے اور East Singhbhum ضلع کے جمشیدپور میں انتخابی میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ جھارکھنڈ مکتی مورچہ کے سینئر رہنما اور وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین رانچی، Kharsawa اور Mandar حلقوں میں سلسلے وار میٹنگوں سے خطاب کریں گے۔آر جے ڈی، اے جے ایس یو اور بائیں بازو کے رہنما بھی ریاست کے مختلف حصوں میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ ووٹوں کی گنتی اِس مہینے کی 23 تاریخ کو ہوگی۔

## Jharkhand Potka Profile

انتخابات والی ریاستوں کے حلقوں کا احاطہ کرنے کی ہماری سیریز کے تحت آج ہم نے جھارکھنڈ کے East Singhbhum میں Potka اسمبلی سیٹ پر توجہ مرکوز کی ہے۔ Potka میں اس مہینے کی 13 تاریخ کو پہلے مرحلے میں چناؤ ہوگا۔ اس خطے نے جو اپنے مالا مال قبائلی ورثے کیلئے جانا جاتا ہے، ریاست کے سیاسی منظر نامے میں اہم رول ادا کیاہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- K K Lal

***Potka اسمبلی سیٹ ایک بڑی قبائلی آبادی والا علاقہ ہے اور انتخابی مہم کے دوران آراضی کے حقوق، قبائلی بہبود اور ترقی سے متعلق امور ہمیشہ چھائے رہے ہیں۔ اِس حلقے میں اس مرتبہ بھارتیہ جنتا پارٹی BJP نے سابق مرکزی وزیر ارجن منڈا کی اہلیہ Meera Munda کو جھارکھنڈ مکتی مورچہ JMM کے Sanjib Sardar کے خلاف میدان میں اتارا ہے۔***

***حالانکہ 8 آزاد امیدواروں سمیت 16 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں لیکن اصل مقابلہ Meera Munda اور Sanjib Sardar کے درمیان رہنے کا امکان ہے۔ 2 لاکھ 87 ہزار سے زیادہ ووٹر امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔***

***چناؤ مہم کے دوران بے روزگاری، پینے کے پانی کی قلت اور بجلی کی نامناسب سپلائی جیسے کلیدی امور چھائے ہوئے ہیں کیونکہ سبھی پارٹیاں اِن امور پر توجہ مرکوز کررہی ہیں۔***

جھارکھنڈ سے کے کے لال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں شبانہ رحمان

## PM Ratan Tata

وزیراعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ سرکردہ صنعت کار اور غریب نواز شخصیت رتن ٹاٹا کی زندگی ہمیں یاد دلاتی ہے کہ سچی قیادت کی پیمائش، محض کسی کی حصولیابیوں سے نہیں کی جاسکتی بلکہ، سب سے زیادہ کمزورطبقے کی دیکھ بھال کی، اُس کی اہلیت سے کی جاتی ہے۔

ایک قومی روزنامے OpEd میں جناب مودی نے کہا کہ رتن ٹاٹا کو، اِس دارفانی سے رخصت ہوئے ایک مہینہ گزر گیاہے، لیکن سماج کے ہرطبقے میں اُن سے محروم ہوجانے کا گہرا احساس، نہ صرف ملک بھر میں بلکہ پوری دنیا میں پایا جاتا ہے۔

وزیراعظم نے کہا کہ رتن ٹاٹا اُن زندگیوں میں زندہ ہیں جو اُن سے متاثر رہیں اور اُن خوابوں میں زندہ ہیں جن کی انہوں نے پرورش کی۔انہوں نے کہا کہ عمدہ صنعت کاروں، ابھرتے ہوئے کاروباری افراد اور محنت کش پیشہ ور افراد کو اُن کے انتقال پر گہرا افسوس ہے۔انہوں نے کہا کہ رتن ٹاٹا، نوجوانوں کیلئے ایک تحریک ہیں اور اُن کی شخصیت ایک یاد داشت ہے کہ خواب، حقیقت میں بدلنے کیلئے ہوتے ہیں اور کامیابی، ہمدردی اور عاجزی کے ساتھ اپنا وجود رکھتی ہے۔

وزیراعظم نے خاص طور پر کہا کہ حالیہ برسوں میں رتن ٹاٹا، ملک کے اسٹارٹ اپ ایکو نظام کے گرو کے طور پر جانے جاتے تھے۔انہوں نے کہا کہ اِس سرکردہ صنعت کار شخصیت نے نوجوان کاروباریوں کی امیدوں اور امنگوں کو سمجھ لیاتھا اور اُن کی اِن صلاحیتوں کو پہچان لیاتھا کہ وہ ملک کے مستقبل کی تشکیل کرسکتے ہیں۔×

## Gadjaru Riads

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے زور دے کرکہا ہے کہ ملک میں سڑک حادثوں اور اِن سے ہونے والی اموات کو روکنے کیلئے، پیدل راستوں کی تعمیر کرتے ہوئے، سڑک پر لوگوں کی حفاظت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جانی چاہئے۔ جناب گڈکری کل شام چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں انڈین روڈز کانگریس کے 83ویں سالانہ جلسے کا افتتاح کرنے کے بعد اظہار خیال کررہے تھے۔انہوں نے کہا کہ سڑک کی تعمیر میں بہتری لانے سے حادثات پر قابو پایا جاسکے گا اور زندگیاں بچائی جاسکیں گی۔

S/ B Nitin Gadkari Road Engineering

وزیرموصوف نے سڑک اور ٹرانسپورٹ شعبے میں افسران، ماہرین اور ٹھیکہ داروں سے زور دے کر کہاکہ وہ کامیاب عالمی طور طریقے اور اختراعات اختیار کریں۔

جناب گڈکری نے چھتیس گڑھ میں جو زراعت کے غلبے والی ریاست ہے، پرالی سے Bitumen اور CNG بنائے جانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ اس سے روایتی ایندھن پر انحصار کم ہوگا اور آلودگی پر قابو پایا جاسکے گا۔

مرکزی وزیر نے کہا کہ بنیادی ڈھانچے کی ترقی سے، صنعت کو اور زیادہ ترقی ملے گی، روزگار کے موقعوں میں اضافہ ہوگا، غربت میں کمی آئے گی اور ملک خودکفیل ہوگا۔اس چار روزہ جلسے میں، دو ہزار سے زیادہ ماہرین، سائنسداں، انجینئرس اور افسران شرکت کررہے ہیں۔ یہ جلسہ پیر کوختم ہوجائے گا۔×

## BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

## GONG

## Special Trains

مشرق-وسطی ریلوے چھٹھ پوجا تقریبات کے اختتام پر، بڑی تعداد میں مسافروں کی واپسی کیلئے اگلے پندرہ دن کے دوران 446 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔ یہ تین خصوصی ریل گاڑیاں بہار سے دیگر جگہوں کیلئے چلائی جائیں گی۔

آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے تعلقات عامہ کے چیف آفیسر سرسوتی چندر نے بتایا کہ اِس بار پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے اس سال مزید 70 ریل گاڑیاں چلائی جارہی ہیں۔

S B Saraswati CPRO

## Winter Special Trains

ویسٹرن ریلوے موسمِ سرما کے دوران مسافروں کی اضافی بھیڑ سے نمٹنے کیلئے باندرا- گورکھپور-ولساڑ اسٹیشنوں کے درمیان خصوصی کرائے کے ساتھ ونٹر اسپیشل ٹرینیں چلائے گا۔ یہ ٹرینیں جنرل سکینڈ کلاس کوچز پر مشتمل ہوں گی۔ ٹرین نمبر صفر نو صفر نو تین باندرا - گورکھپور اسپیشل 10 اور 17 نومبر کو صبح 6 بجے باندرا ٹرمنس سے روانہ ہوگی اور اگلے دن تین بجکر 5 منٹ پر گورکھپور پہنچے گی۔ اسی طرح ٹرین نمبر صفر نو صفر نو چار گورکھپور-ولساڑ اسپیشل 11 اور 18 نومبر کو شام چھ بجکر پانچ منٹ پر گورکھپور سے روانہ ہوگی۔

## Kerala Thiruvananthapuram Airport

کیرالہ میں ترواننت پورم بین الاقوامی ہوائی اڈہ آج سہ پہر 4 بجے سے رات 9 بجے تک 5 گھنٹے کے لئے پروازوں کو عارضی طور پر معطل کرے گا۔ ایسا سری پدمنابھاسوامی مندر سے منسلک Alpassi Arattu جلوس کو جگہ دینے کیلئے کیا گیا ہے۔یہ صدیوں سے لے کر اب تک جاری سالانہ تاریخی روایت کا ایک حصہ ہے۔

ایک رپورٹ

VC- Mayusha

سری پدمنا بھا سوامی مندر کا Alpassi Arattu جلوس ایک بڑی روایت ہے جس میں مورتیوں کے مقدس اشنان کی خاطر شنگھو موگم Beach پہنچانے کے لئے مندر سے ایک روایتی جلوس نکالا جاتا ہے جو ہوائی اڈے کے راستے سے گزرتا ہے۔ صدیوں پہلے شروع کئے گئے اس Arattu جلوس میں ہزاروں کی تعداد میں لوگ شرکت کریں گے۔

ہوائی اڈے کے حکام نے مسافروں کے سفر کو بلا رکاوٹ بنانے کے لئے پہلے سے اس سلسلے میں رہنما خطوط جاری کردیئے تھے اور ایر لائنس نے اس کے مطابق پروازیں ترتیب دی ہیں۔ ہوائی اڈے کا رن وے اس جلوس کے لئے ایک سال میں 2 مرتبہ بند رہتا ہے۔خطے کی ثقافت اور روایات کو یقینی بناتے ہوئے یہ روایت آج بھی اسی طرح جاری ہے۔ یہ ہوائی اڈہ 1932 میں قائم کیا گیا تھا۔

ترو اننت پورم سے میوشیا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں مجیب اختر

## CDS

چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان نے کل نئی دلی میں بھارتی فوج کے دوسرے سالانہ وراثتی فیسٹول کا افتتاح کیا۔ اِس دو روزہ فیسٹول کا مقصد عالمی اور بھارتی دانشوروں، کارپوریٹ اداروں، سرکاری اور پرائیویٹ شعبے کی شخصیتوں، غیرمنافع بخش تنظیموں اور ماہرین تعلیم کو یکجا کرنا ہے، جس کے دوران بھارت کی قومی سلامتی، خارجی پالیسی اور فوجی وراثت پر توجہ دی جاری ہے۔ جنرل چوہان نے شوریہ گاتھا پروجیکٹ کا بھی آغاز کیا جس کا مقصد تعلیم اور سیاحت کے ذریعے بھارت کی فوجی وراثت کا تحفظ کرنا ہے اور اسے فروغ دینا ہے۔×

## Trump Assasination Plot

امریکہ میں انصاف کے محکمے نے کہاہے کہ تحقیقات کے وفاقی بیورو FBI نے، منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قتل کرنے کی ایران کی سازش کو ناکام بنادیاہے۔ اُس نے ایران کے ایک شہری پر، ریپبلکن منتخبہ صدر کے قتل کی سازش میں ملوث ہونے کا الزام عائد کیا ہے اور دو امریکی شہریوں کو گرفتار کیاہے۔

ایک فوجداری شکایت میں انصاف کے محکمے نے ایران کے پاسداران انقلاب IRGC پر، رقم کے بدلے قتل کی سازش تیار کرنے کا الزام عائد کیاہے۔ اُس نے 51 سالہ فرہاد شاکری پر الزام لگایا ہے کہ اُسے امریکہ کے نومنتخب صدر کو ہلاک کرنے کا منصوبہ تیار کرنے کا کام سونپا گیاتھا۔ محکمے نے بتایا کہ شاکری، پاسداران انقلاب کا ایک کارندہ ہے جو تہران میں رہتا ہے۔ محکمے نے بتایا کہ وہ بچپن میں امریکہ آگیاتھا اور اُس نے ڈکیتی کے جرم میں 14 سال کی سزا کاٹی تھی۔اِس کے بعد اُسے 2008 میں ملک بدر کردیا گیاتھا۔ امریکی حکومت نے کہا کہ شاکری کو گرفتار نہیں کیاگیا اور خیال ہے کہ وہ ایران میں موجود ہے۔

انصاف کے محکمے نے دو امریکی شہریوں، بروکلن میں Carlisle Riveramand Jonathon Loadholt اور نیویارک میں Staten Island کو بھی حراست میں لیاہے۔ ان لوگوں کو ایرانی حکومت پر تنقید کرنے والے ایک امریکی صحافی کو قتل کرنے کے ایک نیٹ ورک میں شامل ہونے کے الزام میں حراست میں لیا گیاہے۔×

## Donald Trump Federal Case

امریکہ میں ایک وفاقی جج نے، منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے خلاف، 2020 کے انتخابات میں مداخلت کے مقدمے کو روکنے کی، خصوصی سرکاری وکیل جیک اسمتھ کی درخواست کو منظوری دے دی ہے۔ یہ فیصلہ جناب ٹرمپ کے صدارتی انتخاب میں کامیابی پر، سرکاری وکیلوں کی طرف سے اُن کا اگلا قدم طے کئے جانے کے بعد کیاگیاہے۔

واشنگٹن وفاقی عدالت کی جج تانیہ چٹکن نے کل اس درخواست کو منظوری دی۔ ایک صفحے پر مشتمل اس تحریک میں جناب اسمتھ نے اِس مقدمے کی آخری تاریخ پر روک لگانے کیلئے کہاتھا، جس میں جناب ٹرمپ سے متعلق ایسے حالات کا ذکر کیاگیاتھا جن کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی۔ جناب ٹرمپ کو 6 جنوری کو صدر مقرر کیا جائے گا۔ جناب اسمتھ نے کہاکہ اِس تعطل سے، حکومت کو صورتحال کا جائزہ لینے اور 2 دسمبر کو عدالت میں رپورٹ داخل کرنے کا موقع مل جائے گا۔ٹرمپ کو وفاقی انتخابات میں مداخلت کے کیس میں فی الحال چار الزامات کا سامنا ہے۔ اُنہیں دستاویزات سے متعلق ایک علاحدہ کیس میں دیگر 40 الزامات کا بھی سامنا ہے۔×

## Cricket

کرکٹ میں کل رات بھارت نے ڈربن کے Kingsmead کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے چار میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرایا۔ جیت کے لئے مقررہ 203 رن کے جواب میں میزبان ٹیم سترہ اعشاریہ 5 اوورس میں 141 رن پر آؤٹ ہوگئی۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے دورے پر آئی بھارتی ٹیم نے مقررہ 20 اوورس میں 8 وکٹ پر 202 رن بنائے۔ سنجو Samson نے 50 گیند میں سب سے زیادہ 107 رن بنائے اور انہیں میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

یہ تھی خبریں

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: مجیب اختر

شکریہ -اسلم

راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے ایک بیان کو اولیت دی ہے۔محترمہ مرمو نے ویجیلنس بیداری ہفتہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے بدعنوانی کو ایک بیماری قرار دیا اور کہا کہ اسے جڑ سے ختم کرنا ضروری ہے۔وزیر اعظم نریندر مودی نے BJP کے سینئر رہنما ایل کے اڈوانی کی 97 ویں سالگرہ پر انہیں مبارکباد دی۔

اس خبر کو روزنامہ ملاپ نے اجاگر کیا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ اڈوانی جی نے ملک کی ترقی کے لئے خود کو وقف کردیا۔علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کا اقلیتی درجہ برقرار، حتمی فیصلہ کیلئے معاملہ تین رکنی بینچ کے سپرد۔ اس خبر کو آج کے سبھی اخباروں نے پہلی خبر کے طور پر شائع کیا ہے جس کے مطابق سات ججوں کی بینچ نے چار-تین کی اکثریت سے یہ فیصلہ سنایا۔

پونے میں بھارت اور آسٹریلیا کے درمیان مشترکہ فوجی مشق،'' آسٹرا ہند'' کا تیسرا ایڈیشن شروع اور پریس کلب آف انڈیا کا انتخاب آج۔ ان خبروں کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس اور انقلاب نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 مہاراشٹر اور جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم زوروں پر ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سینئر رہنما نریندر مودی آج مہاراشٹر میں دو ریلیوں سے خطاب کریں گے۔

2 وزیراعظم نے کہاہے کہ رتن ٹاٹا نے لوگوں کے خوابوں کو پورا کرنے میں ہمیشہ مدد دی ہے اور وہ اُن لوگوں کی زندگیوں میں زندہ ہیں جنہیں انہوں نے فائدہ پہنچایا۔

3 مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہاہے کہ حادثات کو کم کرنے کیلئے سڑکوں کی تعمیر کرتے ہوئے حفاظت کو سب سے زیادہ ترجیح دی جائے۔

4 مشرق-وسطی ریلوے، چھٹھ پوجا تقریبات کے بعد مسافروں کی واپسی کیلئے اگلے پندرہ دن کے دوران 446 خصوصی ریل گاڑیاں چلائے گا۔

5 FBI نے امریکہ کے منتخبہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو قتل کرنے کی، ایران کی ایک سازش کو ناکام بنادیاہے۔اس کا الزام 3 افراد پر ہے۔

6 اور کرکٹ میں

ڈربن میں چار میچوں کی سیریز کے پہلے ٹی ٹوئنٹیبین الاقوامی میچ میں بھارت نے جنوبی افریقہ کو 61 رن سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---